سوال

دوسری جماعت کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض نمازی نماز کےلئے دیر سے آتے ہیں توامام راتب کی اقتداء میں پہلی جماعت کے فوت ہونے کی وجہ سے وہ دوسری جماعت کھڑی کرلیتے ہیں۔اس کے بارے میں اسلام میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کچھ لوگ مسجد میں اس وقت آیئں جب امام نے سلام پھیر دیا ہو۔اور وہ باجماعت نماز ادا کرلیں تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ جب ایک شخص اس وقت مسجد میں آیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے سلام پھیر دیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

من یتصدق علی ہذا فیصلی معہ (رواہ احمد فی المسند ۳/۴۵)

''کون ہے جو اس پر صدقہ کرے اور اسے نماز باجماعت پڑھا دے؟''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص469

محدث فتویٰ